1022 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ رول نمبر:.............

سیکنڈری پارٹ II سیشن 22-2020 to 20- 2018 گروپ پہلا دستخط امیدوار:.............

اردو لازمی (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15 PAPER CODE 3021

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریمور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

SGD-G1-22

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | محمود نظامی کے مقالے پر کس نے گفتگو کا آغاز کیا؟ | ڈاکٹر تاثیر نے | فیض احمد فیض نے | غلام عباس نے | محمود نظامی نے |
| .2 | سیّدانی بی میر صاحب کے بچوں کو باورچی خانے میں جا کر کھانا پکانے کی ترکیبیں بتاتیں: | صبح کو | دوپہر کو | شام کو | عشا کی نماز سے فارغ ہو کر |
| .3 | چغل خور کون سا کام جانتا تھا؟ | صنعت کاری کا | باغبانی کا | معماری کا | کھیتی باڑی کا |
| .4 | یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ "چاند جب عید کا نظر آیا" | علامہ اقبالؒ | حفیظ جالندھری | الطاف حسین حالیؔ | عبدالمجید سالک |
| .5 | نظریۂ پاکستان کا مقصد پاکستان کو مملکت بنانا ہے: | جمہوری | اسلامی | فلاحی | اسلامی اور فلاحی |
| .6 | علی بخش کے بقول ڈاکٹر صاحب بڑے آدمی تھے: | درویش | دانش ور | نامور | تاجور |
| .7 | سلطان احمد بڑا لڑکا تھا: | سلطان محمد ثانی کا | سلطان محمد ثالث کا | سلطان سلیمان کا | سلطان مراد ثانی کا |
| .8 | نظم "بہادر بچے" کے مطابق کشتی کہاں ٹھہری ہے؟ | دریا میں | طغیانی میں | منجدھار میں | سمندر میں |
| .9 | نظم "مال گودام روڈ" کس شاعر نے لکھی ہے؟ | جمیل الدین عالیؔ نے | ضمیر جعفری نے | مرزا محمود سرحدی نے | دلاور فگار نے |
| .10 | شاعرہ کو کس بات پر فخر ہے؟ | اپنی شاعری پر | اپنی غزل پر | محبوب کے مہربان ہونے پر | محبوب کے ہم قدم ہونے پر |
| .11 | اسم کی بناوٹ کے لحاظ سے قسمیں ہیں: | دو | تین | چار | پانچ |
| .12 | ان افعال میں فعل ماضی مطلق ہے: | وہ آیا | وہ آیا ہے | وہ آیا تھا | وہ آیا ہو گا |
| .13 | ان حروف میں حرفِ جار ہے: | اس لیے | کیوں کہ | تا کہ | تک |
| .14 | درست تلفظ والا لفظ ہے: | قِیامَت | قَیامَت | قَیَامَت | قِیَامَت |
| .15 | اتحاد کا درست تلفظ ہے: | اِتّحاد | اِتَحاد | اِتحاد | اَتّحاد |



BLANK

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1022 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 22-2020 to 20- 2018

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ پہلا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اول

SGD-G1-22

سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے۔ (10 نمبر)

حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نظم

(i) اُصول محبت ہے، پیغام جس کا — وہ محبوبِ پروردگار آگیا ہے

(ii) گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے — پتّے بھی مثلِ چہرۂ مدقوق زرد تھے

(iii) یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر! — ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر!

(iv) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں، اِک خطا ہو گئی ہے

(vi) بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلالیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دوم

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھیے۔ 5+5 = 10 نمبر

(الف) اردو کی غزلیہ شاعری میں عید، عید کا چاند، ہلال و ابرو محبوب سے روزِ عید کی ملاقاتیں اور اس کے متعلقات ہی اہم رہے۔ لیکن ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کے بعد جب اردو شاعری کی حدود میں وسعت پیدا ہوئی اور نظموں کی طرف توجہ تیز ہو گئی تو عید کے موضوع میں بھی اشاراتی اور علامتی امکانات زیادہ اجاگر ہوئے۔

(ب) مسلمانوں نے اس میں بہت سی تعمیرات کا اضافہ کیا۔ دیواروں اور چھتوں کی پچی کاری پر سُرمئی قلعی کروادی گئی۔ جن دیواروں پر بت بنے ہوئے تھے، منہدم کروا کے نئی دیوار بنوادی گئی۔ سلطان محمد نے ایک بلند مینار تعمیر کروا دیا۔

سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (5×2 = 10 نمبر)

(i) نعت کے شاعر کے نزدیک حضور پاک ﷺ کا پیغام کیا ہے؟

(ii) پان کون کھاتی تھی اور بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟

(iii) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

(iv) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

(vi) پاکستانی بچوں نے کس سے لڑنے کا عزم کیا ہے؟

(vii) قافیہ کی تعریف کریں، مثال کی مدد سے وضاحت کیجیے۔

(viii) جملہ معترضہ کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں؟

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (05 نمبر)

(i) پرستان کی شہزادی (ii) علی بخش

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15 نمبر)

(i) والدین کی اطاعت (ii) صفائی کے فائدے (iii) محنت کی برکتیں

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (5×2 =10 نمبر)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں سے دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں، بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات: (i) زبانوں کے علوم کو جاننے کے لیے ماہرین نے کیا طریقہ کار اپنایا ہے؟ (ii) زبانوں کے کون کون سے مشہور خاندان ہیں؟ (iii) برصغیر کی زبانوں کا تعلق کس خاندان سے ہے؟ (iv) براعظم یورپ اور براعظم ایشیا میں کس خاندان کی زبانیں رائج ہیں؟ (v) اس عبارت کا مناسب عنوان تجویز کریں۔

1022 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ رول نمبر:----------

سیکنڈری پارٹ II سیشن 2018-20 to 2020-22 گروپ دوسرا دستخط امیدوار:----------

اردو لازمی (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15 PAPER CODE 3026

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

SGD-G2-22

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | "جو رہی سو بے خبری رہی" کس کی خود نوشت ہے؟ | غالب | ادا جعفری | حسرت موہانی | فراق گورکھپوری |
| .2 | درست تلفظ واضح کریں؟ | مُعَطَّر | مُعطَّر | مَعِطَّر | مَعَطَّر |
| .3 | کون سا تلفظ درست ہے؟ | اَعْتَبَار | اُعْتَبَار | اِعْتِبَار | اِعْتَبَار |
| .4 | استعارہ کے لغوی معنی ہیں: | اشارہ کرنا | خبر کرنا | مُستعار لینا | نقص بیان کرنا |
| .5 | "میرا بیٹا چاند ہے" گرائمر میں چاند کیا ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | مجاز مرسل | کنایہ |
| .6 | کنایہ کے معنی کیا ہیں؟ | حرفِ تشبیہ | مستعار منہ | اونچی آواز میں بات کرنا | اشارے سے بات کرنا |
| .7 | مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصّہ صرف کر دیتے تھے: | جائیداد خریدنے پر | خیرات کرنے میں | کتابوں پر | کھانے پر |
| .8 | کانگریس کب قائم ہوئی؟ | 1885ء | 1886ء | 1895ء | 1906ء |
| .9 | پرستان کے بادشاہ نے سیّدانی بی کو بلایا تھا: | بیٹی کا جہیز ٹانکنے کو | انعام دینے کو | بیٹی کو سینا پرونا سکھانے کو | بیٹی کی شادی میں شرکت کے لئے |
| .10 | "ہلال عید" کی گردوں میں آمد آمد ہے" یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ | محمد اقبالؒ | حفیظ جالندھری | عبدالمجید سالک | حالیؔ |
| .11 | سبق استنبول کس کی تحریر ہے؟ | اختر ریاض الدین | حکیم محمد سعید | قدرت اللہ شہاب | شفیع عقیل |
| .12 | غالب نے جو دربار میں بلائے جانے کا ذکر کیا ہے۔ دربار سے کیا مراد ہے؟ | میٹنگ | دعوت | مشاعرہ | جلسہ |
| .13 | تیسری سیٹ پر کونے میں ایک عورت بالکل دبلی پتلی بیٹھی ہے اس کے قریب ایک دوسرا بچہ جو زیادہ سے زیادہ: | چھ سال کا ہوگا | 9 سال کا ہوگا | چار سال کا ہوگا | دو سال کا ہوگا |
| .14 | پیغمبر ذی وقار کے چراغ محبت کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟ | اس کی روشنی پھیلے گی | ہمیشہ روشن رہے گا | کبھی نہیں بجھے گا | تمام جوابات درست ہیں |
| .15 | یہ نظم جوش کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟ | حرف و حکایت | شُعلہ و شبنم | جذباتِ فطرت | سنبل و سلاسل |

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

**1022 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 22-2020 to 20- 2018**

**اردو لازمی (انشائیہ) گروپ دوسرا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60**

SGD-G2-22

## حصہ ---------- اول

**سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجئے۔ تین اشعار حصہ نظم میں سے اور دو اشعار حصہ غزل میں سے منتخب کیجئے۔** (10 نمبر)

### حصہ ---------- نظم (3×2= 06)

| | | |
|---|---|---|
| (i) | وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوقات کا خالق | نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق |
| (ii) | گرمی کارزار جنگ، کیوں کر کروں بیاں | ڈر ہے کہ مثل شمع نہ جلنے لگے زباں |
| (iii) | اس میں ایسی کھائیاں ایسے غار ہیں | دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال |
| (iv) | منزل پہ پہنچیں گے اک دن، وہیں قیام کریں گے ہم | روک نہیں سکتی ہے ناصر کوئی بھی دیوار ہمیں |

### حصہ ---------- غزل (2×2= 04)

| | | |
|---|---|---|
| (v) | بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے | وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے |
| (vi) | آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا | آج ہی خاطر بیمار شکیبا بھی نہیں |
| (vii) | یہ فخر تو حاصل ہے، برے ہیں کہ بھلے ہیں | دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں |

## حصہ ---------- دوم

**سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھئے۔ 5+5 = 10 نمبر** $(\frac{1}{2}+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}+2 = 5)$

(الف) جب اردو شاعری کی حدود میں وسعت پیدا ہوئی اور نظموں کی طرف توجہ تیز ہوگئی تو عید کے موضوع میں بھی اشاراتی اور علامتی امکانات زیادہ اجاگر ہوئے۔ اور اردو شاعری کو ۱۸۵۷ء کے بعد ملّی احساسات کی ترجمانی کا وسیلہ بھی بنایا گیا اور اس طرح مسلمانوں کی فکری زندگی کے خدوخال نے اردو ادب میں اسلامی اقدار و روایات کی پاسداری کے عمل کو شدید سے شدید تر کر دیا۔

(ب) حاکم اکبر کی آمد کی خبر سن رہے ہیں۔ دیکھیے دلی آئیں یا نہیں؟ آئیں تو دربار کریں یا نہیں؟ دربار کریں تو میں گنہ گار بلایا جاؤں یا نہیں؟ بلایا جاؤں تو خلعت پاؤں یا نہیں؟ پنسن کا تو نہ ذکر ہے، نہ کسی کو خبر ہے۔

**سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔** (5×2 = 10 نمبر)

(i) شاکر صاحب کی کوٹھی پر پہنچ کر مصنف نے کمرے کو دیکھا تو کیسا تھا؟
(ii) قلی کو جب مزدوری مل گئی تو کیا جذبات تھے؟
(iii) سیٹی کی آواز سن کر جب قلی اتر گیا تو لڑکی کی کیا کیفیت تھی؟
(iv) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیسے سمجھایا
(v) حافظ محمد شیرانی کے بقول میر انیس کیسے شاعر تھے؟
(vi) پاکستان کے بہادر بچوں کا کیا جذبہ ہونا چاہیے؟
(vii) قافیے اور ردیف سے کیا مراد ہے؟
(viii) شاعر اپنی غزل میں ستم کو کیسے بھول جاتا ہے؟

**سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔** (05 نمبر)

(i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) نام دیو مالی

**سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔** (15 نمبر)

(i) قومی اتحاد (ii) دہشت گردی (iii) عیدین

**سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔** (10 نمبر)

اقبال کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے انہوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات حسن اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لئے انتخاب میں حصہ لیا۔

**سوالات:**

(i) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجئے۔
(ii) اقبالؒ کی انفرادیت کیا ہے؟
(iii) اقبالؒ نے شعر کے ذریعے کن اسلامی تعلیمات کی تلقین کی ہے؟
(iv) اقبالؒ نے ہندوستان کے کن علاقوں کا دورہ کیا، چار کے نام لکھئے
(v) اقبالؒ نے پنجاب اسمبلی کے انتخاب میں کیوں حصہ لیا؟

1004 - 1022 - 65000